# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

# سیکنڈری کورس

# 2024-25

विद्याधनं सर्वधनप्रधानम्


نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ

A-24,25 انسٹی ٹیوشنل ایریا سیکٹر-62 نوئیڈا 201309 (اترپردیش)

ویب سائٹ:www.nios.ac.in ٹول فری نمبر 18001809393

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

## خاص ہدایت

عزیز طلبا

اب آپ نے نیشنل انسٹی ٹیوٹ اف اوپن اسکولنگ (NIOS) کے سیکنڈری کورس کا مطالعہ شروع کر دیا ہے۔ جیسا کہ آپ پہلے سے ہی جانتے ہیں کہ کامیابی کے ساتھ کورس کی تکمیل کے لیے ضروری ہے کہ منصوبہ بند انداز میں مسلسل مطالعہ جاری رکھا جائے۔ آپ کی آموزش اور کامیاب آموز کار بننے کے لیے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن سکولنگ کے ذریعے امدادی مواد مہیا کرانے کے لیے مختلف وسائل اور حکمت عملی اختیار کی گئی ہے۔ یٹوٹر مارکڈ اسائنمنٹ (TMA) اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔

### TMA آپ کی مدد اس طرح کرے گا کہ

- ☆ آپ میں باقاعدہ مطالعہ کرتے رہنے کی عادت بیدار ہو جائے۔ جو آپ کو خود آموز متعلم (self-learner) بنانے کے لیے ضروری ہے۔
- ☆ آپ مواد مضمون کو بہتر طور پر سمجھ سکیں۔ سوالات کے تحریری جواب دینے کے مشق کے ذریعے ایک طریقے سے فائنل امتحان کے مشق پہلے ہی سے آپ کر سکیں گے۔
- ☆ آپ کو اساتذہ کا فیڈ بیک حاصل ہو جاے اور آپ کے ذریعے دیے جانے والے جوابات کے صحیح ہونے کی تصدیق ہو جائے۔
- ☆ آپ نے جس مضمون کو اختیار کیا ہے اس کے مطالعے میں اپنی پیش رفت کی جانچ کر سکیں اور اس طرح آپ مضمون کے کسی مواد میں مشکل پیش آنے پر یہ پتہ کر سکیں کہ ان کے بہتر مطالعے کے لیے زیادہ کوشش کیے جانے کی ضرورت ہے اور
- ☆ آپ تسلیم شدہ ادارے (AI ) سے متعلق مختلف مضامین کے اساتذہ سے ملاقات کر کے ان سے حسب ضرورت مناسب رہنمائی حاصل کر سکیں۔

### TMA کے لیے جوابی اسکرپٹ کیسے تیار کی جائے؟

اس کتابچہ میں آپ کو ہر ایک مضمون کا ایک اسائنمنٹ ملے گا۔ آپ کو صرف متعین وقت میں چنندہ مضامین کی تفویضات کو خود کی تحریر میں مکمل کرنا ہے۔ ایک طرف سطر بردار کاغذ پر sTMA کے جواب لکھیں اور تیار جوابی شیٹ کو اپنے ڈیش بورڈ کے ذریعے آن لائن جمع کیجیے۔

## TMA کا فارمیٹ

آپ دیکھیں گے کہ TMA دراصل 20 نمبر کا ہوتا ہے۔ سوال نمبر ایک، سوال دو، اور سوال تین، چھوٹے۔ چھوٹے جوابات والے ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہر سوال کے دو متبادل دیے گئے ہیں جن میں سے آپ کو صرف ایک سوال کا جواب دینا ہے، یعنی 6=2+2+2 مارکس۔ اس طرح سوال نمبر ایک، سوال نمبر دو، اور سوال نمبر تین، کے کل 6 نمبر ہوتے ہیں۔

سوال نمبر چار اور پانچ طویل جواب والے سوالات ہیں، اور ہر ایک 4 نمبر کا ہے۔ آپ کو دیے گئے دو متبادل میں سے صرف ایک کا جواب لکھنا ہے۔ اس طرح سوال نمبر چار اور پانچ دونوں کے کل 8 نمبر ہیں۔ (4+4=8)

سوال نمبر 6 دو پروجیکٹوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ جن میں سے آپ کو صرف ایک پروجیکٹ تیار کرنا ہوتا ہے۔ یہ سوال 6 نمبر کا ہوتا ہے۔ ہر ایک پروجیکٹ ورک کے لیے رہنما اصول سوال کے ساتھ ہی دیے جاتے ہیں۔

## TMA جمع کرنا

دونوں ایڈمیشن بلاکس کے لیے آپ کے ڈیش بورڈ کے ذریعے سیکنڈری کورس TMA جمع کرانے کا شیڈیول ذیل میں دیا گیا ہے۔

**جدول نمبر ایک**

| پبلک امتحان | متعلم کے ذریعے این ائی او ایس پورٹل پر اپلوڈ کیجیے | متعلقہ مضمون استاد کے ذریعے طالب علم کو فیڈ بیک تجویز |
|---|---|---|
| اپریل، مئی | 31 جنوری | طالب علم کے ذریعے TMA اپلوڈ کرنے کی تاریخ سے ایک ماہ کے اندر |
| اکتوبر، نومبر | 31 جولائی | |

ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ کا پورا فائدہ اٹھانے کے لیے برائے کرم اس جمع کرانے کے شیڈیول پر سختی سے عمل کریں۔ ٹی ایم اے ان کے لیے قابل اطلاق ہوتا ہے، جنہوں نے آن لائن اسٹریم 1 میں داخلہ لیا ہے۔ انہیں یہ ٹی ایم اے مضمون کے پبلک امتحان میں بیٹھنے سے پہلے جمع کرا دینا چاہیے۔ سیکنڈری امتحان میں ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ کے لیے پبلک امتحان میں 20 فیصد نمبر متعین کیے گئے ہیں۔ ان نمبر کو مضمون کے خارجی امتحان کے ساتھ مارک شیٹ میں الگ سے دکھایا جائے گا۔

ہر تعلیمی سال میں NIOSکی ویب سائٹ یعنی www.nios.ac.in آپ کے ڈیش بورڈ پرTMA کتابچہ کاایک نیاسیٹ دستیاب کرایا جائے گا۔ برائے کرم یاد رکھیے کہ آپ کو NIOS کےhttps://sdmis.nios.ac.in کےاسٹوڈنٹ پورٹل پر اپنے ڈیش بورڈ کے ذریعے آن لائن TMA اپلوڈ کرنا ہے۔ فیڈ بیک آپ کے ڈیش بورڈ پر آن لائن دستیاب ہو گا۔ TMA کا جائزہ لینے والے کے ذریعے فراہم کردہ فیڈ بیک کو بغور دیکھیں اوراس کااستعمال اپنی کار گردگی کو بہتر بنانے کے لیے درج ذیل کیجئے۔

☆آپ ہر مضمون میں فراہم کردہ مطالعات کی مواد کے اس باب کو دوبارہ پڑھیے۔

☆رابطہ کلاسوں میں حاضری دیتے ہوئے ٹیچر کے ذریعے اپنے شبہات یاان مسائل کا حل نکالیں جن کا سامنا آپ دوران مطالعہ کرتے ہیں۔ مطالعے کے لیے زیادہ وقت دیں۔

☆ٹویٹر مار کڈ اسسائنمنٹ کے متعدد فوائد دیکھتے ہوئے یہ ممکن ہے کہ آپ کامیاب طالب علم بننے کے لیے ان کا بہتر طور پر استعمال کریں۔

اگرآپ کواس سلسلے میں کوئی شبہ ہو یاآپ کوئی تجویز ہوتو برائے کرم ہمیں لکھنے میں نہ ہچکچائیں۔

**نوٹ**

(a) **TMA** طالب علم کے ڈیش بورڈ پر دستیاب ہو گا،اور ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیےnios.ac.in پر بھی ہو سکتا ہے۔

(b) **TMA** کو صرف NIOS (این ائی او ایس) کے سٹوڈنٹ پورٹل پراسٹوڈنٹ ڈیش بورڈ سے اپلوڈ کیا جاسکتا ہے۔

(c) جائزے کے لیے صرف ہاتھ سے لکھا **TMA** قبول کیا جائے گا۔ کمپیوٹر سے چھپا ہو **TMA** کسی طرح قبول نہیں کیا جائے گا۔

(d) **TMA** آپ کے داخلے کے دوران صرف ایک بار جمع /اپلوڈ کیا جاسکتا ہے (زیادہ سے زیادہ پانچ سال)

(e) طالب علم کا نام، کورس، میڈیم، مضمون کا کوڈ، مضمون کا نام، اور اندراج نمبر، لکھتے ہوئے طالب علم **TMA** کے کور صفحے کو تیار کریگا۔

(f) TMA کی ایک بار جانچ ہونے کے بعد اس کی دوبارہ جانچ کی جا سکتی ہے۔TMA کو جمع کرنے/اپلوڈ کرنے کے دوران بہت محتاط رہیں۔

(g) TMA جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا ہے مقررہ تاریخ سے پہلے اسٹوڈنٹ بورڈ کے ذریعے ہی جمع/اپلوڈ کیا جانا ضروری ہے۔اس کے علاوہ پروسپیکٹس یا وقتاً فوقتاً NIOS کے ذریعے جاری اطلاع نامے کے مطابق بھی اس کا ذکر کیا جاتا ہے۔

(h) TMA کو جمع کرانے/اپلوڈ کرنے کے لیے مقررہ تاریخ کے بعد تاخیر فیس طلبہ کے ذریعے ادا کی جائے گی،(جیسا کہ قابل اطلاق ہو)

(i) TMA کے جمع کرنے، جانچ کرنے کے لیے کسی مرکز مطالعہ کو کوئی اضافی فیس نہیں جمع کرنا ہے۔

اگر آپ کو کوئی شبہ یا تجاویز ہو تو برائے کرم NIOS کے متعلقہ علاقائی مرکز کو تحریر کرنے میں نہ ہچکچائیں۔

**تعلیم آپ کے دروازے پر**

NIOS آپ کے مطالعے میں مدد فراہم کرنے کے مقصد سے متعدد پلیٹ فارم مہیا کراتا ہے۔وہ درج ذیل ہیں۔

| | |
|---|---|
| سویَم<br>Swayam | Study webs of active learning for young aspiring minds<br>یہ وزارت تعلیم حکومت ہند کے ذریعے شروع کیا گیا۔ان میں سے ایک موکس MOOC پلیٹ فارم ہے۔<br>Massive open online course<br>(موجودہ طور پر این ائی او ایس سیکنڈری اور سینیئر سیکنڈری دونوں ہی سطحوں پر موکس پیش کرتا ہے۔موکس کو چار دائرہ نظریے کا استعمال کرتے ہوئے تیار کیا گیا ہے۔یہ ہیں پی ڈی ایف میں متعین،ایک تدریسی ویڈیو، وخود قدر و شناسی مشقوں اور فورم برائے بحث آپ خود ہی www.swayam. gov.in پر جا کر بغیر کسی فیس کے اندراج کر سکتے ہیں۔ |
| دکشا<br>Diksha | Digital infrastructure of school educationوزارت تعلیم حکومت ہند کی ایک خاص پہل ہے ،جو ڈیجیٹل شکل میں معیاری تعلیمی وسائل مواد تک پہنچ کو ممکن بناتا ہے۔این ائی یو ایس ورکشاپ پورٹل کا ایک سر گرم معاون ہے۔این ائی او ایس سیکنڈری اور سینیئر سیکنڈری سطحوں پر مختلف کورسز کے ڈیجیٹل خود آموزشی مواد اس ڈیجیٹل ذخیرے پر دستیاب ہیں۔این ائی او ایس ڈیجیٹل آموزشی مواد تک رسائی https: explore/nios.gov.Diksha\\ پر کی جا سکتی ہے |

| | |
|---|---|
| پی ایم ای ودیا e- PM Vidya | ای ودیا مطالعہ کا ایک اور ذریعہ ہے۔ یہ اپنے سیکنڈری اور سینیئر سیکنڈری سطح پر 24 x7 ویڈیو پروگرام فراہم کرتا ہے۔ لائیو اڈیو، رابطہ پروگرام مختلف مضامین پر دستیاب ہوتے ہیں۔ این ائی او ایس چینل 17 پر سیکنڈری سطح کے لیے تعلیمی پروگرام، اور پی ایم ای ودیا چینل 18، سینیئر سیکنڈری پروگرام فراہم کرتا ہے۔ چینل 19 کی شروعات میں انڈین سائن لینگویج، اوپن بیسک ایجوکیشن، اور بھارتی جن گیان پرمپرا کورسز کے لیے کی گئی ہے۔ اس پہل کے ذریعے آپ کہیں بھی خاص طور پر ان دور۔دراز کے علاقوں، جہاں انٹرنیٹ کی رسائی نہیں ہے، پڑھائی کر سکتے ہیں۔ آپ اس پروگرام کو این ائی او ایس کے یوٹیوب چینل پر دیکھ سکتے ہیں۔ |
| مکت ودیاوانی Mukta Vidya Vani | مکت ودیاوانی مزید مدد کی آپ کی ضرورت کی قدر کرتا ہے۔ این ائی او ایس آپ کے دروازے پر ٹیکنالوجی کا جادو بھی پیش کرتا ہے ۔"مکت ودیاوانی ہماری ویب پر مبنی پی سی پی کی تکمیل اور خود آموزشی مواد کا تکملہ کرتا ہے۔ یہ آپ کے مضامین کے باہر کے ساتھ تعامل کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ آپ ہمارے ٹول فری نمبر 18001802543 پر کال کے ذریعے اپنے استفسار اور شکوک کو دور کر سکتے ہیں۔ آپ 012046269 پر بھی کال کر سکتے ہیں۔ لائیو پروگرام کا ٹائم شیڈیول حوالے کے لیے نیچے دیا گیا ہے۔ اگر کسی وجہ سے آپ PCPs Live چھوٹ جاتی ہیں، تو آپ ریکارڈڈ سیشن کی دوبارہ نشریات میں، یا آڈیو آن ڈیمانڈ کر سکتے ہیں۔ این ائی او ایس کے پروگرام یوٹیوب پر بھی دستیاب ہیں۔ |

| نشریاتی ذریعہ | نشریاتی وقت | ہم سے رابطہ کریں |
|---|---|---|
| مکت ودیاوانی<br>ac·in.soin.www | دوشنبہ سے جمعہ<br>12 بجے-شام 4 بجے<br>لائیو پروگرام<br>شام چار بجے سے 11 بجے صبح تک<br>دوبارہ نشریات<br>نوٹ۔ ماہانہ شیڈیول کی پابندی کریں<br>ویب سائٹ پر دستیاب ہے | ہمیں اس پتہ پر لکھیں<br>مکت ودیاوانی<br>muktvidyavani@nios.ac.in<br>ٹول فری نمبر 18001802543<br>لینڈ لائن<br>0120-4626949 |

اگر آپ کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں تو ہمارے ٹول فری نمبر 18001809393 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

ac·in.nios.www کے ذریعے متعلق ماہر مضمون سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

نیک خواہشات کے ساتھ

اکیڈمک افیسر

نیشنل انسٹی ٹیوٹ اف اوپن اسکولنگ

# فہرست



| | |
|---|---|
| 1 | ریاضی (211) |
| 2 | سائنس اور ٹکنالوجی (212) |
| 3 | سوشل سائنس (213) |
| 4 | معاشیات (214) |
| 5 | کاروباری مطالعہ (215) |
| 6 | ہوم سائنس (216) |
| 7 | نفسیات (222) |
| 8 | ہندستانی ثقافت اور وراثت (223) |
| 9 | اکاؤنٹنسی (224) |
| 10 | پینٹنگ (225) |
| 11 | ڈیٹا انٹری آپریشن (228) |
| | |

# ریاضی

# (MATHEMATICS)

# 211

# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر:20

نوٹ: (i) سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں۔ ہر ایک سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گیے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اوپر کی طرف اپنا نام، اندراج نمبر، AI (مرکز مطالعہ) کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 2

(a) انکور ثانوی سطح پر ریاضی کا طالب علم ہے۔ اسے شروع میں ناطق اور غیر ناطق اعداد (Rational and Irrational Numbers) کے درمیان فرق کو سمجھنے میں دشواری محسوس ہو رہی تھی۔ اس کی بہن ریا نے کسر اور اعشاریہ کی توسیع کا استعمال کرتے ہوئے ایک موثر تشریح کی مدد سے ان اعداد کے فرق کو کامیابی کے ساتھ واضح کر دیا۔ ریا کے ذریعے استعمال کیے جانے والے ممکنہ طریقے کو بیان کیجیے اور اس طریقے کی مدد سے درج ذیل اعداد کی ناطق اور غیر ناطق اعداد کے طور پر درجہ بندی کیجیے۔

$\frac{22}{7}$ , 1.67676767……. , π , 1.125 (سبق۔1 دیکھیے)

(b) (i) فطری عدد 1 اور 2 کے درمیان کتنے ناطق اعداد ہیں؟

(ii) $'n'$ ایسا فطری عدد/اعداد ہیں جس کے لیے $\sqrt{n}$ کی قدر 1 سے 2 کے درمیان ہے۔ $n$ کی کتنی قدریں ممکن ہیں؟ $n$ کی ایسی ہر ایک قدر کے لیے، حقیقی اعداد کے خط پر $\sqrt{n}$ کو ظاہر کیجیے جو مذکورہ بالا شرط کو مطمئن کرتی ہیں۔ (سبق۔1 دیکھیے)

2۔ درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 2

(a) ایسا کثیر ضلعی جس کے اضلاع اور زاویے مساوی ہوتے ہیں اسے منظم کثیر ضلعی کہتے ہیں۔ یہ دیکھا گیا ہے کہ $n$ اضلاع والے منظم کثیر ضلعی کے داخلی زاویے کی پیمائش مندرجہ ذیل طریقے سے کی جاسکتی ہے۔


$$\text{داخلی زاویہ} = \left(\frac{n-2}{n}\right)\times 180^\circ$$

(i) سادہ ترین منظم کثیر ضلعی کا نام بتائیے اور اس کے داخلی زاویے کی قدر لکھیے۔

(ii) ثابت کیجیے کہ مسدس کے (داخلی) زاویوں کا حاصل جمع 720° ہوتا ہے۔ (سبق۔10 دیکھیے)

(b) ایک سرگرمی انجام دیجیے جس کے مراحل ذیل میں دیے گئے ہیں۔ اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب بھی لکھیے۔

- لکڑی کے بورڈ یا کسی سطح پر تین کیلیں یا آلپن A، B اور C لگائیے جیسا کہ ذیل میں دکھایا گیا ہے۔




- ایک دھاگے کا ایک ٹکڑا BC کی لمبائی کے برابر اور ایک ٹکڑا (AB + AC) کی لمبائی کے برابر لیجیے۔ دھاگے کے دونوں ٹکڑوں کی لمبائی کا موازنہ کیجیے۔

(i) اگر BC کے نظیری لمبائی $x$ اور (AB + AC) کے نظیری لمبائی $y$ ہے تو درج ذیل میں سے کون سا درست ہے؟

(a) $x = y$ (b) $x > y$

(c) $x < y$ (d) $x = 2y$

(ii) مذکورہ بالا سرگرمی میں اپنی آموزش کی بنیاد پر بتائیے کہ درج ذیل تین حالتوں میں سے کس حالت میں اضلاع کی دی گئی پیائش سے مثلث کی تشکیل ممکن ہے؟

(a) 3 cm، 7 cm اور 10 cm


(b) 16 cm، 8 cm اور 7 cm

(c) 5.8 cm، 3.5 cm اور 3.0 cm (سبق۔11دیکھیے)

3۔ درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 2

(a) (i) مساوی مقطوعہ مسئلے کو بیان کیجیے۔

(ii) ایک لکڑی کی سیڑھی میں متوازی پائے دان (PA، QB اور RC) لگے ہوئے ہیں جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔




اگر PQ = 3 cm، QR = 4 cm اور AB = 3.5 cm ہے تو AC کی قدر معلوم کیجیے۔ (سبق۔13دیکھیے)

(b) اگر ABC ایک مساوی ضلعی مثلث ہے اور AD وسطانیہ ہے تو ثابت کیجیے کہ $3AB^2 = 4AD^2$ (سبق۔14دیکھیے)

4۔ درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 4

(a) (i) اگر 31752 کے مفرد اجزائے ضربی میں مفرد اجزائے ضربی کی قوت نماؤں کا حاصل جمع $a$ اور 21168 کے مفرد اجزائے ضربی میں مفرد اجزائے ضربی کی قوت نماؤں کا حاصل جمع $b$ ہے تو $a:b$ معلوم کیجیے۔

(ii) امن اور نیہا نے اپنے جیب خرچ میں سے بالترتیب x اور y روپے بطور عطیہ پرائم منسٹر نیشنل ریلیف فنڈ (PMNRF) میں جمع کر دیے۔ ان کے اس تعاون کو درج ذیل مساوات کے ذریعے ظاہر کیا گیا ہے۔

$$\frac{3-2\sqrt{5}}{3+\sqrt{5}} = x - \sqrt{5}y$$

امن اور نیہا نے پرائم منسٹر نیشنل ریلیف فنڈ میں کل کتنی رقم بطور عطیہ پیش کی؟ (سبق۔2دیکھیے)

(b) النکرتی ایک مکعب نما پانی کی ٹنکی بنانا چاہتی ہے جس کی پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت کو کثیر رکنی $x^3 + 9x^2 + 26x + 24$ کے ذریعے ظاہر کیا گیا ہے جب کہ ٹنکی کی اونچائی (x+4) ہے۔

(i) ٹنکی کی اونچائی کی شناخت یک رکنی، دو رکنی یا سہ رکنی کے طور پر کیجیے۔

(ii) مکعب نما ٹنکی کی گنجائش کو ظاہر کرنے والی کثیر رکنی کا درجہ معلوم کیجیے۔

(iii) مکعب نما ٹنکی کے قاعدہ کے رقبے   کو ظاہر کرنے والی کثیر رکنی کے لیے عبارت معلوم کیجیے۔ علاوہ ازیں لمبائی اور چوڑائی کے لیے ممکنہ عبارتوں کی بھی تحسیب کیجیے۔

(iv) اگر کثیر رکنی $3x^2 + 15x + 18$ اس پانی کی مقدار کو ظاہر کرتی ہے جو مذکورہ بالا مکمل بھری ہوئی مکعب نما ٹنکی سے رس کر بہہ جاتا ہے تو


(a) ٹنکی میں بچے ہوئے پانی کے حجم کو ظاہر کرنے والی کثیر رکنی کے لیے عبارت معلوم کیجیے۔

(b) ٹنکی میں بچے ہوئے پانی کی اونچائی کو ظاہر کرنے والی کثیر رکنی معلوم کیجیے۔

[اشارہ: مکعب نما ٹنکی کی گنجائش/حجم = لمبائی × چوڑائی × اونچائی اور قاعدہ کا رقبہ = لمبائی × چوڑائی] (سبق۔3 دیکھیے)

5۔ درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 4

(a) (i) نیچے دیے گئے ہر ایک مثلث کے عمودی مرکز کی نشان دہی پر تبصرہ کیجیے۔




(ii) رولر اور پنسل کی مدد سے اپنی جوابی شیٹ میں تشکیل کے اقدامات پر عمل کیجیے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب دیجیے۔

- $\Delta ABC$ کی تشکیل کیجیے۔
- ضلع BC کے وسطی نقطے کی نشاندہی کیجیے۔ A کو D سے ملائیے۔
- قطعہ خط AD پر ایک اور نقطہ G اس طرح لیجیے کہ AG:GD=2:1 ہو۔
- ضلع AC اور BC کے وسطی نقطوں کی نشان دہی بالترتیب E اور F کے طور پر کیجیے۔ B کو E سے اور C کو F سے ملائیے۔

(a) قطعات خط AD، BE اور CF کو کس نام سے جانا جاتا ہے؟

(b) کیا قطعہ خط BE اور CF بھی نقطہ G سے گزرتے ہیں؟

(c) نقطہ G کو کس مخصوص نام سے جانا جاتا ہے؟ (سبق۔12 دیکھیے)

(b) مرکز O اور نصف قطر 17 cm والے دائرے میں PQ اور RS دو متوازی وتر اس طرح ہیں کہ PQ =16 cm اور RS = 30 cm ہیں۔ وتروں کے درمیان کا فاصلہ معلوم کیجیے اگر

(i) وتر دائرے کے مرکز کے ایک ہی طرف ہیں۔

(ii) وتر دائرے کے مرکز کی مقابل سمت میں ہیں۔ (سبق۔15 دیکھیے)

6۔ درج ذیل پروجیکٹوں میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) کوئی کتاب (مثلاً اپنی ریاضی کی کتاب) لیجیے۔ کتاب کے کسی بھی صفحہ کو بلا منصوبہ طور پر اس طرح کھولیں کہ دائیں طرف کے صفحہ کا نمبر 100 سے کم ہو اور صفحہ نمبر نوٹ کرلیں۔ اس سرگرمی کو 50 مرتبہ دہرائیں اور ہر مرتبہ کو مالگا کر صفحہ نمبر درج کرتے رہیں (اس صفحہ نمبر کو چھوڑ دیں جو 100 یا اس سے زیادہ ہے)۔


(i) مذکورہ بالا خام اعداد و شمار کو مرتب (Arrayed) اعداد و شمار کی شکل میں پیش کیجیے۔

(ii) یکساں کلاس سائز لے کر جس میں ایک کلاس 10 – 0 (10 شامل نہیں) ہو، تعددی جدول بنائیے۔

(iii) مذکورہ بالا مرتب اعداد و شمار کے لیے ایک مجموعی تعددی جدول بھی بنائیے۔

(iv) اعداد و شمار کے لیے ایک ہسٹوگرام اور ایک تعددی کثیر ضلعی بنائیے۔ (سبق۔24 دیکھیے)

(b) ایک کرکٹ ٹیم کے ذریعے مختلف اووروں میں بنائے گئے رنوں کی تعداد کو ظاہر کرنے والا ہسٹوگرام ذیل میں دیا گیا ہے۔ ہسٹوگرام کی مدد سے درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔




(i) اووروں کے کس وقفے میں کرکٹ ٹیم نے سب سے زیادہ رن بنائے؟

(ii) اووروں کے کس وقفے میں کرکٹ ٹیم نے مساوی تعداد میں رن بنائے؟

(iii) مذکورہ بالا ہسٹوگرام کا استعمال کر کے یکساں کلاس سائز لے کر ایک مرتب تعددی جدول بنائیے۔

(iv) مذکورہ بالا مرتب اعداد و شمار کا استعمال کر کے مجموعی تعددی جدول بنائیے۔

(v) ان اعداد و شمار سے ایک تعددی کثیر ضلعی بنائیے۔

# سائنس اور ٹیکنالوجی

# (SCIENCE AND TECHNOLOGY)

# 212

# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ


کل نمبر: 20

نوٹ: (i) سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں۔ ہر ایک سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اوپر کی طرف اپنا نام، اندراج نمبر، AI (مرکز مطالعہ) کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(A) کسی شے کا فاصلہ–وقت گراف دیا گیا ہے۔ گراف کی بنیاد پر درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔




(i) شے کی اوسط چال معلوم کیجیے۔

(a) 0–6 سیکنڈ کے دوران (b) 0–9 سیکنڈ کے دوران

(ii) وہ وقفہ معلوم کیجیے جس میں شے سکون کی حالت میں تھی۔ (سبق۔9 دیکھیے)

(B) ایک شے کو 49 m کی اونچائی سے گرایا جاتا ہے۔

(i) شے کے ذریعے طے کیا گیا فاصلہ معلوم کیجیے:

(a) زمین پر گرنے سے پہلے

(b) اپنے سفر کے آخری سیکنڈ میں

(ii) زمین پر گرنے سے پہلے شے کے ذریعے لیا گیا وقت معلوم کیجیے۔

(iii) زمین سے ٹکراتے وقت شے کی رفتار معلوم کیجیے۔ (سبق۔9 دیکھیے)

2۔ درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(A) اپنے گھر پر ایک سرگرمی انجام دیجیے جس کے مراحل ذیل میں دیے گئے ہیں۔ اس سرگرمی کے لیے آپ کو ایک خالی پولی تھین بوتل اور کچھ گرم پانی کا انتظام کرنا ہوگا۔ سرگرمی کو انجام دینے کے بعد پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔

- منرل واٹر کی ایک خالی بوتل لیجیے۔

- اس میں تھوڑا سا گرم پانی ڈالیے اور اس کے ڈھکن کو کس کر بند کر دیجیے تا کہ اس میں ہوا داخل نہ ہو۔
- بوتل کے اوپر ٹھنڈا پانی ڈالیے۔
- ٹھنڈا پانی ڈالنے کے بعد کیا آپ نے بوتل کی شکل میں کوئی تبدیلی دیکھی؟ وجہ بیان کرتے ہوئے اپنے مشاہدات کی وضاحت کیجیے۔

(سبق۔26 دیکھیے)

(B) راکیش کپڑے دھونے کا کام کرتا ہے۔ اس کے علاقے کا پانی ایسا ہے کہ اس میں صابن ملانے پر جھاگ نہیں بنتے ہیں۔ ایسے پانی کو کیا کہتے ہیں؟ کچھ ایسے طریقے تجویز کیجیے جو اس مسئلے سے نجات پانے میں راکیش کی مدد کر سکتے ہیں۔ (سبق۔26 دیکھیے)


3۔ درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(A) اس بڑی تبدیلی یا انقلاب کا نام بتائیے جس کی وجہ سے بھارت زراعت کے شعبے میں خود کفیل ہو گیا۔ اس انقلاب کے سہرا کس زرعی سائنس داں کے سر ہے؟ اس انقلاب کو لانے کے لیے اٹھائے گئے اہم اقدامات کو بھی مختصراً بیان کیجیے۔ (سبق۔31 دیکھیے)

(B) کووڈ-19 کس قسم کی بیماری ہے: متعدی یا غیر متعدی؟ اس بیماری کو پھیلانے والے خردعضویے کا نام بتائیے۔ کووڈ-19 سے محفوظ رہنے کے طریقے بیان کیجیے۔
(سبق۔32 دیکھیے)

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(A) 'X' ایک ایسی کیمیائی شے ہے جس کا پانی میں محلول دیواروں پر سفیدی کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک بیکر میں 'X' کی تھوڑی سی مقدار لے کر اس میں آہستہ آہستہ پانی ملایا گیا جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔ بیکر کی بیرونی سطح کو ہاتھ سے چھو کر محسوس کیا گیا۔




(i) شے 'X' کی شناخت کر کے اس کا عام نام، کیمیائی نام اور کیمیائی فارمولا لکھیے۔
(ii) شے 'X' اور پانی کے درمیان ہونے والے کیمیائی تعامل کی کیمیائی مساوات لکھیے۔
(iii) شے 'X' والے بیکر میں پانی کو آہستہ آہستہ کیوں ملانا چاہیے؟
(iv) شے 'X' اور پانی کے درمیان ہونے والے کیمیائی تعامل کی درجہ بندی اتحادی، تحلیلی، ہٹاؤ یا دہرا ہٹاؤ تعامل کے طور پر کیجیے۔ (سبق۔4 دیکھیے)

(B) فرانسیسی کیمیا داں Antoine Lavoisier نے اپنے تجرباتی سیٹ اپ میں ایک کیمیائی ترازو کا استعمال کرتے ہوئے کیمیائی تعاملات کا بغور مطالعہ کیا۔ ایک تجربے میں انھوں نے ایک ایسا مادہ لیا جو کمرے کے درجہ حرارت پر مائع حالت میں پائی جانے والی واحد دھات ہے اور اسے عام طور پر اینالاگ تھرمامیٹر میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد انھوں نے اس مادے کو ہوا سے بھرے ہوئے سیل بند فلاسک میں کئی دنوں تک گرم کیا۔ انھوں نے دیکھا کہ سرخ رنگ کی ایک نئی شے بن گئی ہے۔ فلاسک میں بچی ہوئی گیس کی کمیت کم ہو گئی۔

(i) درج ذیل میں سے کوئی دو کے نام لکھیے۔
(a) وہ مادہ جسے سیل بند فلاسک میں گرم کیا گیا تھا۔
(b) سرخ رنگ کی نئی شے جو کئی دنوں کے بعد بنی تھی۔

(c) فلاسک میں سرخ رنگ کی شے کی تیاری میں استعمال ہونے والی گیس۔

(d) فلاسک میں بچی ہوئی گیس۔

(ii) سیل بند فلاسک میں ہونے والی تبدیلی طبیعی تبدیلی ہے یا کیمیائی؟

(iii) فلاسک میں بچی ہوئی گیس کی کمیت کیوں کم ہوگئی؟

(iv) کیا فلاسک میں بچی ہوئی گیس کی کمیت میں کمی کمیت کی بقا کے قانون کی خلاف ورزی ہے؟ مختصراً بیان کیجیے۔ (سبق۔3 دیکھیے)

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 میں سے 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(A) اپنے اردگرد کے ماحول میں پائے جانے والے مختلف قسم کے جانداروں کا مشاہدہ کیجیے۔ اپنے مشاہدات کی بنیاد پر درجہ بندی کی مختلف اقالیم (کنگڈم) کے مطابق ان جانداروں کا عام نام اور سائنسی نام درج ذیل جدول میں مناسب جگہوں پر لکھیے۔

(اپنی جوابی شیٹ میں درج ذیل جدول کو دوبارہ بنائیے۔ کوئی چار حصوں کو لکھیے۔) (سبق۔19 دیکھیے)

| نمبر شمار | اس کنگڈم کا نام جس سے جاندار کا تعلق ہے | جاندار کا عام نام | دو اسمی تسمیہ کے مطابق سائنسی نام |
|---|---|---|---|
| 1 | مونیرا | | |
| 2 | پروٹسٹا | | |
| 3 | پھپھوند (فنجائی) | | |
| 4 | پلانٹی | | |
| 5 | اینیمیلیا | | |

(B) (i) "اگر آپ 24 گھنٹے والی ارضیاتی گھڑی پر غور کرتے ہوئے یہ تصور کریں کہ زندگی کی ابتدا آدھی رات کو ہوئی ہے تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ انسان محض ایک منٹ سے بھی کم وقت پہلے اس سیارے پر آئے ہیں۔" زمین پر زندگی کی تاریخ کی روشنی میں اس بیان کی وضاحت کیجیے۔ (سبق۔20 دیکھیے)


(ii) ذیل میں دیے گئے اپی تھیلیل بافت کی شناخت انسانی جسم میں اس کے محل وقوع کی مدد سے کیجیے۔
ہر ایک بافت کا نام اور ان کا کوئی ایک کام لکھیے۔

(a) اپی تھیلیل بافت جو جلد کی سب سے باہری پرت بناتا ہے۔

(b) اپی تھیلیل بافت جو معدہ اور آنت کی اندرونی پرت بناتا ہے۔ (سبق۔21 دیکھیے)

6۔ درج ذیل پروجیکٹوں میں سے کوئی ایک تیار کیجیے۔ 6

(A) دو دھاتی پٹی ایک ایسی پٹی ہے جس میں دو مختلف دھاتوں کی پٹیاں ایک دوسرے پر لگی ہوتی ہیں جیسا کہ نیچے دی گئی شکل میں دکھایا گیا ہے۔ یہ گرم ہونے پر مڑ جاتی ہے۔ آپ اسے گھر پر بھی تیار کر سکتے ہیں اور گرم ہونے پر اس کے مڑنے کا مشاہدہ بھی کر سکتے ہیں۔




جدول میں دی گئی خطی پھیلاؤ کے ضریب کی قدروں کو استعمال کرتے ہوئے متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے:

| نمبر شمار | مادہ | خطی پھیلاؤ کے ضریب کی قدر ($°C^{-1}$) |
|---|---|---|
| 1 | اسٹیل | $8 \times 10^{-6}$ |
| 2 | لوہا | $11 \times 10^{-6}$ |
| 3 | پیتل | $18 \times 10^{-6}$ |
| 4 | چاندی | $18 \times 10^{-6}$ |
| 5 | ایلومنیم | $25 \times 10^{-6}$ |

(i) فرض کیجیے کہ پیتل اور لوہے سے بنی ایک دو دھاتی پٹی لی گئی ہے۔ پیتل اور لوہے کی دونوں پٹیوں کی ابتدائی لمبائی کمرے کے درجہ حرارت (25°C) پر 10 cm کے برابر تھی۔ گرم کرنے کے بعد جب دو دھاتی پٹی کا درجہ حرارت 75°C ہو جاتا ہے تو پیتل اور لوہے کی پٹی کی لمبائی کے درمیان فرق کا حساب لگائیے۔

(ii) اگر درج ذیل خاکے مختلف دو دھاتی پٹیوں کی نمائندگی ان کی ابتدائی لمبائی کے ساتھ کرتے ہیں تو اپنی جوابی شیٹ میں ان دو دھاتی پٹیوں کا خاکہ اس حالت میں بنائیے جب ان کو کافی زیادہ درجہ حرارت پر گرم کیا جاتا ہے۔




(iii) گھریلو برقی آلات جیسے الیکٹرک آئرن، گیزر وغیرہ کا درجہ حرارت ایک خاص حد سے زیادہ بڑھ جاتا ہے تو وہ کچھ دیر کے لیے خود بخود بند ہو جاتے ہیں۔ یہ ان کے اندر لگے ہوئے ایک خاص آلے کی وجہ سے ممکن ہے جو دو دھاتی پٹی سے بنا ہوتا ہے۔ اس آلے کا نام بتائیے۔ ایک سادہ منصوبہ بند ڈائیگرام کی مدد سے اس کی تشکیل اور کام کرنے کے طریقے کی وضاحت کیجیے۔ (سبق۔14 دیکھیے)

(B) روایتی فوسل ایندھنوں سے چلنے والی گاڑیوں اور بجلی سے چلنے والی گاڑیوں کے بارے میں معلومات حاصل کیجیے۔ اپنی دریافتوں پر مبنی ایک رپورٹ لکھیے جس میں دونوں قسم کی گاڑیوں کا تفصیلی تقابلی تجزیہ شامل ہو۔

(اشارہ: فوائد، نقصانات، ماحول پر پڑنے والے اثرات، حدود، چیلنجز، مستقبل کے تناظر، پائیدار ترقی وغیرہ کے بارے میں موازنہ کیجیے)

اس کے علاوہ یہ بھی وضاحت کیجیے کہ الیکٹرک گاڑیاں کس طرح ایک انقلابی قدم ثابت ہو سکتی ہیں اور فوسل ایندھنوں پر انحصار کے چیلنج کا حل فراہم کر سکتی ہیں۔
(سبق۔12 دیکھیے)

# سوشل سائنس

## Social science

(213)

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

**کل نمبر ۔20**

**نوٹ:**

i) سبھی سوال ضروری ہیں۔ ہر ایک سوال کے لیے مخصوص نمبر سوالوں کے ساتھ دیے گئے ہیں۔

ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اوپر کی طرف اپنانام اندراج نمبر مرکز مطالعہ کانام اور مضمون لکھیے

**1) درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریبا40 تا 60 الفاظ میں دیجئے۔** 2

a) مختلف خطوں کی مثالوں کا استعمال کرتے ہوئے جانچ کیجئے کہ ہندوستان کے ثقافتی تنوع نے اس کی شاندار تہذیب و تمدن میں کیسے اشتراک کیا ہے؟ (سبق 1)

b) جاگیر داری نظام کے تحت کھیت مزدوروں کی زندگی اور فرائض کے بارے میں تحریر کیجیے۔ (سبق 2)

**2) درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 تا60 الفاظ میں دیجیے۔** 2

a) ہندوستان کی زراعت کو درپیش بڑے چیلنجوں کی قدر شناسی کیجئے۔ (سبق 12)

b) آثاریات قدیم ثقافتوں اور سماجوں کے دوبارہ تعمیر میں کس طرح مدد گار ہوتا ہے؟

**3) درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریبا40 تا60 الفاظ میں لیجئے۔** 2

a) تجزیہ کیجئے کہ ہدایتی اصول بین الاقوامی رشتوں خاص طور پر امن و سلامتی کو بنائے رکھنے میں ہندوستان کے نقطہ نگاہ کو برقرار رکھتے ہیں۔ (سبق 17)

b)میونسپل کونسل کے کاموں کا تجزیہ کیجئے۔

**4)درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً50 الفاظ میں دیجیے۔** **4**

a)ہندوستان کے وفاقی ساخت کا ملک کے سماجی وسیاسی تنوع کا تعلق کرنے کے لیے ارتقاہوا۔(**سبق 15** )

b)ہندوستان کے قدرتی وراثت کا تحفظ کرنے میں جنگلی حیاتیات کی پناہ گاہوں اور قومی پارکوں جیسے اقدامات کے اثر پذیری کا تجزیہ کیجئے۔(**سبق1**)

**5)درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً100 تا150 الفاظ میں دیجئے۔** **4**

a)ہندوستان کی قومی یکجہتی پر لسانی تناو کے اثرات کا تعین قدر کیجیے۔(**سبق 24**)

b) ماحولیاتی تنزلی میں تعاون دینے میں شہر کاری(شہریانے)اور اس سے جڑے چیلنجوں جیسے کی بڑھتی آلودگی اور فضلے کی تخلیق کا کردار کا تجزیہ کیجئے۔(**سبق 26**)

**6)درج ذیل پروجیکٹ میں کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجئے۔** **6**

a)انتخابی خواندگی کی تشخیص کرنے کے لیے اپنے گھر کے آس-پاس ایک سروے کیجئے۔دیئے گئے سروے سوال نامے سے 18 سال یااس سے زیادہ عمر کے20لوگوں سے درج ذیل سوال پوچھیں اور ان کے جوابات تحریر کیجیے۔اکٹھا کیے گئے جوابات کا تجزیہ کیجیے اور اپنا نتیجہ نکالیئے۔(**سبق 22**)

| نمبر شمار | سوال | عمر گروپ / جنس | جوابات | تبصرہ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | کیا آپ کے پاس ووٹر ائی ڈی کارڈ ہے؟ | | | |
| 2 | کیا آپ نے کبھی ووٹ دینے کے حق کا استعمال کیا ہے؟ | | | |
| | اگر ہاں تو کتنی بار؟ | | | |
| 3 | ہندوستان میں کتنی طرح کے انتخاب ہوتے ہیں؟ | | | |
| 4 | کیا آپ انتخابی عمل کے بارے میں جانتے ہیں؟ | | | |
| | کیا آپ منشور مینی فیسٹو کے بارے میں جانتے ہیں؟ | | | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 5 | کیا آپ اپنے نمائندہ امیدوار کا انتخاب کرنے کے لیے کیا معیار کسوٹی کا استعمال کرتے ہیں؟ | | | |
| 6 | کیا آپ کو بھی کسی خاص امیدوار کو ووٹ دینے کے لیے تحائف یا نقد کی پیشکش کی گئی ہے؟ | | | |
| 7 | کیا آپ پاس انتخابی اصطلاحات کے لیے کوئی تجویز ہے؟ | | | |

b) اپنے آس پاس کے 20 گھروں میں سروے کیجئے اور جدول میں دکھائے گئے ہیں کہ مطابق درج ذیل معلومات جمع کرنے کی کوشش کیجئے۔ جمع معلومات کے تجزیے کی بنیاد پر درجے ذیل معلومات کا پتہ لگانے کی کوشش کیجیے۔

1-خواندگی فی صد

2-روزگار فی صد (سبق 14)

معاشیات

Economics

(214)

کل نمبر - 20

نوٹ:

i) سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہے ہر ایک سوال کے نمبر ان کے سامنے دیے گئے ہیں۔

ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پہ اوپر کی طرف نام، اندراج نمبر، مرکز مطالعہ کا نام، اور مضمون واضح الفاظ میں لکھئیے۔

1-درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریبا40 اور 60 الفاظ میں دیجیے۔

a') "معاشی حقائق اور اعداد شمار کو مثبت معشیات کہا جاتا ہے، جبکہ معیاری معاشیات "کیا ہونا چاہیے۔" اس سے متعلق ہیں مناسب مثالوں کے ساتھ بیان کی وضاحت کیجئے۔ (سبق 1 دیکھیے)

b ) "میٹروٹرین نیٹ ورک کا قیام ضرورتوں میں توسیع اور بدلاؤ کی عکاسی کرتا ہے۔" بیان کی توثیق کیجیے۔

2- درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 تا60 الفاظ میں دیجئے۔ (سبق 2 دیکھے)

a) ہندوستانی معیشت کی ترقی یافتہ معیشت بنانے کی راہ میں رکاوٹیں پیدا کرنے کے لیے غیر معاشی عوامل کس حد تک ذمہ دار ہیں؟ بیان کی تفصیل بتایئے۔ (سبق 4 دیکھئے)

3-ورج زیل میں کسی ایک سوال کا جواب تقریبا40 تا60 الفاظ میں دیجئے۔ (2)

a) مان لیجئے کہ آپ سیب کے فروخت کار ہیں اور آپ کے پاس فروخت کے لیے 100 کلو گرام سیب ہے۔ بازار کی قیمت 20 روپے فی کلو ہے۔ اس قیمت پر سیب کی مانگ صرف 60 کلو ہے۔ آپ کے ذریعے طے کی گئی سیب کی قیمت پر اس کا کیا اثر پڑے گا؟

ii) جیسا کہ سوال نمبر (i) میں ہے اگر 20 روپے فی کلو گرام کے حساب سے سیب کی مانگ 150 کلو گرام ہے۔ اس سے آپ کے ذریعے مقررہ سیب کی قیمت پر کیا اثر پڑے گا؟ (سبق 11 دیکھیے)

b) درج ذیل خصوصیات کی بنیاد پر اجارہ بازار اور ایک مکمل مسابقتی بازار کے درمیان فرق کیجیے۔

i) خریداروں اور فروخت کاروں کی تعداد

ii ) متبادل اشیاء

iii) مفت داخلہ اور خروج

iv ) قیمت کا تعین

4- درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجئے۔ (4)

a) غذائی اجناس کے تاجروں کے استحصال کے خلاف اپنے مفاد کے تحفظ کے لیے حکومت کے ذریعے مقررہ قیمت پر اپنی زرعی پیداواروں کو فروخت کے لیے کچھ موثر اقدامات کی تجویز دیجئے۔ (سبق 13 دیکھیے)

b) آپ کو اپنے علاقے میں کمرشیل بینک کے برانچ دفتر کا دورہ کرنے کی تجویز دی جاتی ہے۔ تحتی دفتر، برانچ آفس، کے ایگزیکیوٹو افسر سے ملیے اور بچت بینک کھاتا کھولنے کے عمل پر بات کیجئے۔ بات چیت کی بنیاد پر ایک مختصر رپورٹ تیار کیجیے۔

5- درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 150 الفاظ میں دیجیے۔ (4)

a) " آن لائن شاپنگ ٹیکنالوجی عمل کاری کی پیشرفت کا نتیجہ ہے جس سے صارفین کو فروخت کاروں سے اشیاء یا خدمات خریدنے کے ذریعے مسابقتی بازار میں سیدھے فائدہ حاصل ہوتا ہے۔" بیان کی روشنی میں ان لائن شاپنگ کے فوائد کو درج فہرست کیجئے۔ (سبق 16 دیکھئے)

b) برطانوی حکومت کے ذریعے زمینداری نظام کے قیام کا استعمال ہندوستانی معیشت کے وسائل کو اپنے مقاصد کے لیے استحصال کرنے کا ایک ذریعہ کے طور پر کیا گیا تھا۔" بیان کی تفصیل بیان کیجئے۔

6- درج ذیل موضوعات پر کسی ایک پر پروجیکٹ تیار کیجیے۔

a ) " حکومت کے ذریعے تعلیم کا فروغ اور فراہمی " کے موضوع پر ایک پروجیکٹ ورک تیار کیجئے۔

۔ موضوع کا تعارف اور موزونیت

۔ پروجیکٹ کے مقاصد

۔ حکومت کے ذریعے شروع کی گئی اس کے

۔ نتیجہ

(سبق 21 دیکھیے

b ) قومی دیہی صحت مشن (NRHM) کے اہتمام کے تحت اپنے آس-پاس کے دیہی علاقوں میں خون کا عطیہ پروگرام پر ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ پروگرام کو منظم کرنے کے لیے اٹھائے جانے والے مختلف اقدامات تحریر کیجیے۔ (سبق 21 دیکھیے)

کاروباری مطالعہ

Business Studies

(215)

ٹیوٹر مارکڈ اسسائمنٹ

کل نمبر - 20

نوٹ۔

i) سبھی سوالوں کے جواب دینا ضروری ہے۔ ہر ایک سوال کا نمبر اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے کے اوپر کی طرف اپنا نام، رول نمبر، مرکز مطالعہ کا نام، اور مضمون صاف لفظوں میں لکھیں۔

1- درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب 40 تا 60 الفاظ میں دیجئے۔

a) اپنی رہائش کے قریب نقل و حمل کے مختلف ذرائع کا مشاہدہ کیجئے اور کوئی دو فائدے اور حدود لکھیے۔

b) محترمہ رادھا بھاری مشینری کا کاروبار چلا رہی ہیں اور وہ اپنے کاروبار کی مختلف ریاستوں میں توسیع کرنا چاہتی ہیں۔ اسے فوائد کے ساتھ نقل و حمل کے سب سے موزوں ذریعے کی تجویز دیجئے۔ (سبق 5 دیکھئے)

2- درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔

a) گودام کاری ( Warehousing ) تجارت کے لیے اہم معاون میں سے ایک ہے- اس بیان کی تقریباً 60 الفاظ میں وضاحت کیجئے- (سبق 6 دیکھیں)

b) آپ الگ الگ ریاست میں رہنے والے اپنے دادا - دادی کو رقم منتقل کرنا چاہتے ہیں۔ رقم منتقل کرنے کے لیے ان کے پاس کون سے مختلف طریقے دستیاب ہیں؟ (سبق 6 دیکھیں)

3- درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔

a) جیسا کہ بحث کی گئی ہے مختلف ذرائع سے ڈاک لے جانے کے علاوہ ڈاگ گھر کا کاروباری فرموں کو کچھ مخصوص خدمات بھی فراہم کرتا ہے ۔ ان میں سے کن ہی دو کے نام بتائیے اور وضاحت کیجیے ۔ (سبق 8 دیکھیں)

b) نا لج پروسسنگ اوٹ سورسنگ سن صنعت بزنس پراسسنگ سے پوری طرح مختلف ہے ۔ کیا اپ اس بیان سے متفق ہیں ؟ تبصرہ کیجئے ۔ (سبق 11 دیکھیں)

**4- درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریبا 100 سے 150 الفاظ میں دیجیے ۔**

a ) سبھی کاروباری ادارے خرید و فروخت میں لگے ہوئے ہیں ۔ بتائیے کہ معمول کی فروخت کاری کے جزو کے طور پر آرڈر کی تعمیل کرنے کے بعد کن قدموں کی ضرورت ہوتی ہے ۔ (سبق 12 دیکھیں)

b) کیا آپ کو لگتا ہے کہ ایک کامیاب سیلز مین بننے کے لیے صرف نجی اور ذہنی خوبیاں ہی کافی ہیں ؟ اپنے جواب کی تائید میں اسباب بتائیے ۔ (سبق 16 دیکھیے)

**5- درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریبا 100 سے 150 الفاظ بھی دیجیے ۔**

a ) سامان خریدنے کا ایک آسان طریقہ ہونے کے باوجود صارفین کے ذریعے ٹیلی شاپنگ کا استعمال بہت کم کیا جاتا ہے ، کیوں ؟

b ) ایک بسکٹ کمپنی 500 گرام کے پیک کے ساتھ 250 گرام بسکٹ مفت میں دے رہی ہے ۔ فروخت کو بڑھانے کی اس تکنیک کا نام بتائیے ۔ اس اسکیم کا ایک خاص مقصد کیا ہے ؟ اس کے علاوہ فروخت بڑھانے کے دو مزید اسکیموں کی وضاحت کیجیے ۔

**6- درج ذیل پروجیکٹوں میں کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے ۔** 6

a ) سامانوں کو یا تو نجی کے طور پر معائنہ کر کے یا جانچ کیے گئے نمونے یا پیٹرن کی بنیاد پر یا تفصیل یا برانڈ نام کی بنیاد پر خریدا جا سکتا ہے ۔ فروخت کے طریقوں میں کرایہ خرید کی بنیاد پر فروخت شامل ہے ۔ (سبق 12 دیکھئے)

b) کن ہی چار اشیاء کی فہرست بنائیے جو ایک خاص موسم میں پیدا ہوتی ہیں لیکن پورے سال استعمال کی جاتی ہیں ا-ن اشیاء کا ذخیرہ کرنے کے لیے گودام کاری (Warehousing) کی ضرورت اور اہمیت پر بحث کیجیے ۔ (سبق 21 دیکھیے)

ہوم سائنس

(216)

Home science

ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر-20

نوٹ۔

i ) سبھی سوال ضروری ہے۔ ہر ایک سوال کے لیے مخصوص نمبر سوالوں کے ساتھ دیے گئے ہیں۔

ii)جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر، مرکز مطالعہ کا نام، اور مضمون لکھیے۔

**1-درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب تقریباً40 تا 60 الفاظ میں دیجئے۔2**

a۔ آپ فیملی پکنک کا اہتمام کر رہے ہیں۔ مینجمنٹ کے چار اقدامات کا استعمال کرتے ہوئے اپنے کاموں کی فہرست بنائیے۔

**(سبق 14 دیکھیے )**

**b**-انسانی اور غیر انسانی وسائل پر غور کرتے ہوئے ایک گھر کے لیے تزین و آرائش کے پروجیکٹ کے لیے وسائل منتظمہ کے اقدامات خاکہ کھینچیے۔۔ **(سبق 14 دیکھیے)**

**2- درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب تقریباً40 تا 60 الفاظ میں دیجئے۔** 2

a)کھانا بناتے وقت آپ کے فیملی ممبر کو جلنے سے زخم ہوا ہے۔ آپ فوری طور پر کیا ابتدائی علاج کریں گے؟ اور مزید پیچیدگیوں کو کیسے روکیں گے؟ **(سبق 13 دیکھیۓ)**

**b**)اپنے گھر کے ٹوٹے ہوئے بجلی کے تار کو دیکھ کر اس سے جڑے ممکنہ خطروں کو بتائیے۔ آپ اس خطرے سے نپٹنے کے لیے سلامتی کے لیے حفاظتی اقدامات کا خاکہ بنائیے ۔ **(سبق 13 دیکھیۓ)**

**3- درج ذیل سوالوں میں کسی ایک کا جواب 40سات الفاظ میں دیجئے ۔** **2**

a- چھوٹے بچوں میں مجموعی حر کی نشو نما کو فروغ دینے میں سر گرمیوں کی فہرست بنایئے۔(**سبق 18 دیکھیں** )

b۔والدین اپنے چھوٹے بچوں میں دقیق حر کی نشو نما کو کیسے بڑھاوادے سکتے ہیں؟( **سبق 18 دیکھیں**)

**4-درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب تقریبا100 تا150 الفاظ میں دیجیے ۔** **4**

a)آپ جان ہیں تو جہان ہے(صحت ہی دولت ہے )کہاوت میں یقین کرتے ہیں۔ صحت کی تعریف کیجئے،اور اچھی صحت کو بنائے رکھنے کے لیے چار عام کاموں کی فہرست تیار کیجئے۔ (**سبق 7 دیکھیے**)

b- نجی اور کمیو نٹی صحت سے متعلق آگاہی مہم کے لیے چار اہم پیغامات کو درج فہرست کیجئے،اور سمجھایئے کہ ہر پیغام اہم کیوں ہے؟ (**سبق 7 دیکھیں**)

**5-درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب تقریبا100 تا150 الفاظ میں دیجئے۔** **4**

a- آپ ہینڈلوم کے ذریعے تیار کپڑے فروخت کرنے کا کاروبار کرتے ہیں۔ آپ کس طرح کے سوت اور بنائی فروخت کرتے ہیں؟اس کے علاوہ مختلف ریشوں اور کپڑوں کے خصوصیات کیاہیں؟جو گاہکوں کی پسند پر اثر انداز میں ہوتی ہیں۔(**سبق 10** دیکھئے)

b-جدید کتائی مشینوں کا استعمال کر کے کتائی کے عمل کو سمجھاتے ہوئے ایک فلو چارٹ بنایئے،اس کے ساتھ پیداوار کے ہر قدم کے بارے میں وضاحت پیش کیجئے۔

**6-درج ذیل پروجیکٹوں میں سے کسی ایک کو تقریبا500 الفاظ میں تیار کیجئے۔** **6**

i۔درج ذیل سوالوں کا تفصیلی جواب دیجیے۔

a- 10 الگ الگ بیک کیے گئے غذائی اشیاء کا انتخاب کیجئے۔ان میں میں موجود اہم غذائی گروپوں کی پہچان کیجیے۔۔(سبق 2 - 3دیکھیے)

b۔ اپنے دادادادی یا اپنے پڑوس کے بزرگوں سے بات کیجئے، اور حاملہ خواتین کے لیے تغزیاتی ترکیب کو جمع کیجیے۔ اس میں موجود اہم غذائی گروپوں کی بھی پہچان کیجئے ۔ **(سبق 2 اور 3 دیکھیں)**

ii) اپنی فیملی کا مشاہدہ کرنے کے ذریعے درج ذیل سوالوں کا جواب دیجیے۔

a۔ کسی بھی فرد کی عمر، کھانے کے خوراک، اور منصوبہ بندی پر کیسے اثر انداز ہوتی ہے؟ مثال دیجیے کہ مختلف عمر گروپوں کو مختلف تغزیات کی ضرورت کیسے ہوتی ہے ؟(سبق 2 اور 3 دیکھیے)

b۔ تغذیہ سے سمجھوتا کیے بغیر ایک دن کی کم لاگت والے کھانے کی خوراک کا منصوبہ بنائیے۔

**(سبق 2 اور 3 دیکھیں)**

نفسیات

Psychology

222

ٹیوٹر مارکڈ اسسائنمنٹ

کل نمبر-20

نوٹ:

i۔ سبھی سوالوں کا جواب دینے ضروری ہیں۔ ہر ایک سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

ii۔ جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1 – درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب تقریبا 40 سات الفاظ میں دیجئے۔ 2

a۔ نفسیات کی فطرت اور موضوع مواد کیا ہے اور نفسیات کا مطالعہ انسانی برتاؤ اور ذہنی عمل کاری کی ہماری سمجھ میں کس طرح معاون ہوتا ہے۔ (سبق 1 دیکھیے)

b) یادداشت حافظ کی اقسام کیاہیں؟ اپنے روز مرہ کے تجربات میں یادداشت کا استعمال کرنے میں مطلوبہ سرگرمیوں کی ایک فہرست تیار کیجیے۔ انہیں مختلف یادداشت کے اقسام میں زمرہ بند کیجیے۔

2-درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریبا 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے ۔ 2

a) گراہم والاس کی تخلیقی سوچ کے مراحل کا ذکر کیجئے، اور مسئلے کے حل اور کیفیت سے یہ کیسے جڑے ہوئے ہیں۔ یہ مراحل تخلیقی عمل میں کیسے معاون ہیں؟ (سبق 1 دیکھیے)

b) کیا آپ کو لگتا ہے کہ نمو اور نشو نما مختلف اصطلاحات ہیں؟ اگر ہاں تو کیسے اس کے ساتھ ہی نشو نما کی خصوصیات کا ذکر کیجئے۔

3-درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریبا 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

a) ذہن اور جسم کے درمیان تعلق پر افکار سا حھا کیجئے۔ اور صحت مند ذہن اور جسم تعلق بنائے رکھنے کے لیے تین آسان حکمت عملیوں کی تجویز دیجیے۔ (سبق 24 دیکھئے)

b) کیریئر کا انتخاب کرتے وقت تعمیل کیے جانے والے اقدامات تحریر کیجئے۔ اس کے علاوہ کچھ عام اسطور یا فرضی حکایتوں کا ذکر کیجئے جن کے بارے میں کیریئر سے متعلق فیصلوں کا اہتمام کرتے وقت احتیاط رکھنی چاہیے۔ (سبق 21 دیکھئے)

**4-درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب تقریباً سے 150 الفاظ میں دیجیے۔** **2**

a) یوگ کی مشق پوری زندگی کے مراحل میں ترقی ذات میں کیسے مددگار ہوتی ہے؟ متعلق مثالوں کے ساتھ واضح کیجئے کہ یوگ کی مشق آپ کی عمر گروپ کے لوگوں کو کیسے فائدہ پہنچا سکتی ہے؟ (سبق 25 دیکھیے)

b) اصطلاح "جیووگیان" سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ جیووگیان کس طرح سے ایک صحت مندانہ سماج کی تعمیر میں مدد کرتا ہے؟ **(سبق 27 دیکھئے)**

**5- درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 سے 150 الفاظ میں دیجیے۔** **4**

a) غربت کے کچھ نفسیاتی اثرات کا ذکر کیجئے-نفسیاتی مداخلت ان امور سے نپٹنے میں کیسے مدد کر سکتی ہے؟ **(سبق 16 دیکھیے)**

b) پتنجلی کے مطابق یو کے آٹھ مراحل کا مظاہرہ کیجئے اور چھ الگ الگ یو کے مشق کرتے ہوئے اپنی شبیہات پیش کیجیے۔

**6-درج ذیل میں اس کے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے-** **6**

a) ایک موجودہ رہنما کا انتخاب کیجئے، جس سے آپ تحریک وترغیب پاتے ہیں اور ان کے طرز قیادت کا تجزیہ کرتے ہوئے ایک کیس مطالعہ تیار کیجئے۔ مخصوص اوصاف حکمت عملیوں اور کاموں کو نمایاں کیجئے، جو ان کے اثر انگیزی میں معاونت کرتے ہیں۔ جدید قائد کی عزیز قیادت کا تجزیہ کیجیے اور ان کی تنظیم یا کمیونٹی پر ان کی قیادت کے اثرات کا تعین قدر کیجیے۔ **(سبق 13 دیکھیے)**

b) ہر ایک عمر گروپ جیسے بچوں بالغوں اور بزرگوں میں اپنے پڑوس کے کم سے کم چھ لوگوں سے بات کیجئے، اور ان سے پوچھیے کہ انہیں کیا چیز خوش کرتی ہے؟ مختلف عمر گرویوں کے لیے جوابات کو زمرہ بند کیجیے اور موازنہ کیجیے۔

ہندوستانی ثقافت اور وراثت

Indian culture and heritage

223

ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر -20

**نوٹ:**

i) سبھی سوال ضروری ہیں۔ ہر ایک سوال کے لیے مخصوص نمبر سوالوں کے سامنے دیے گئے ہیں۔

ii)جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر، مرکز مطالعہ کا نام، اور مضمون لکھیے۔

**1)درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب تقریبا40 تا60 الفاظ میں دیجئے۔ 2**

**a**)"ثقافت میں مادی اور روحانی پہلو ہوتے ہیں۔"توثیق کیجیے۔**(سبق 2 دیکھیے)**

**b**)جدید سیاق وسباق میں ثقافت پر کن ہی دو اثرات کا جائزہ لیجیے۔**( سبق 2 دیکھیے)**

**2)درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب تقریبا40 تا 60 الفاظ میں دیجئے۔ 2**

**a**)'اشوک آعظم ایک سچا انسانیت پسند تھا' کوئی دو دلیل دیتے ہوئے بیان کی توثیق کیجئے۔**(سبق 3 دیکھیے)**

**b**)"سائنسی نظریات کی ہندوستان میں ایک شاندار وراثت رہی ہے" فلکیات اور علم ریاضی کے میدان میں ہندوستان میں اشتراک کے جائزے کی بنیاد پر اس بیان کی توثیق کیجئے۔**( سبق 14 دیکھیے)**

**3)درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب تقریبا40 تا60 الفاظ میں دیجئے۔** 2

**a**) بھکتی اور صوفی تحریک کی اہمیت کا جائزہ لیجیے۔**(سبق 9 دیکھیے )**

b)عہد وسطی کے ہندوستان میں علم ریاضی کے فروغ کا تجزیہ کیجیے۔(سبق 14 دیکھیے )

**4)درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً100 تا150 الفاظ میں دیجیے۔** 4

a)عصری ہندوستان میں کن ہی چار سماجی اور ثقافتی امور کا جائزہ لیجیے۔(سبق 20 دیکھیں)

b)قدیم ہندوستان کے کن ہی چار سائنسدانوں کے اشتراک کا تجزیہ کیجیے۔(سبق 15 دیکھیے )

**5)درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب تقریباً100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔** 4

a)بدھ کے فلسفے کا جائزہ لیجیے۔(سبق 8 دیکھیے )

b)ہندوستانی فلسفے کے کن ہی چار مکاتب کا تجزیہ کیجیے۔(سبق 8 اور 9 دیکھیے)

**6)درج ذیل پروجیکٹوں میں سے کسی ایک کو تقریباً500 الفاظ میں تیار کیجیے۔** 6

a)کولکتہ اور ممبئی کے نو آبادیاتی فن تعمیر پر ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔(سبق 13 دیکھیں)

b)ہندوستان میں عہد وسطی کے فن تعمیر پر ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔(سبق 13 دیکھیے)

# اکاؤنٹنسی

Accountancy

224

ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر۔20

نوٹ۔

i) سبھی سوالات کے جواب دینا ضروری ہے۔ ہر ایک سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اوپر کی طرف اپنا نام، اندراج نمبر 'مرکز مطالعہ کا نام، اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیئے۔

**1- درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب 40 تا 60 الفاظ میں دیجئے۔** **2**

a) کاروباری اور غیر کاروباری لین دین کی دو دو مثالیں دیجیے ۔

**یا**

b)" حسابی مساوات سبھی حالات کے تحت یکساں رہتی ہے۔" کچھ مثالوں کی مدد سے اس بیان کی توثیق تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجئے۔

**2- درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب 40 تا 60 الفاظ میں دیجئے۔** **2**

a) اپنے دوستوں کے ساتھ بحث کیجئے اور پچھلے مہینے کی بچت کے لیے مناسب اسباب بیان کرتے ہوئے اہتمام اور ریزرو میں تقسیم کیجئے۔

**(سبق 13 دیکھئے)**

یا

b) اثاثہ جات کی شکل میں کاروبار کے پاس جو کچھ بھی ہے وہ مالک یا باہری افراد کے ذریعے مالیات فراہمی ہے۔ چار مناسب مثال دیتے ہوئے اس بیان کی توثیق کیجیے۔

**(سبق 10 دیکھئے)**

**یا**

**3-درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب 40 تا 60 الفاظ میں دیجئے۔** **2**

a) اپنے دوست کے ساتھ ٹیلی کے بارے میں معلوم کریے اور کوئی چار عوامل تحریر کیجیے۔ **( سبق 17 دیکھئے)**

b) لیجر دوہرے اندراج کے حسابی نظام میں اول بہی ہے جب کی جرنل روزناچا کو اصل ریکارڈ کی بہی کے طور پر جانا جاتا ہے اس بیان کی روشنی میں جنرل (روزنامچہ) اور لیجر میں فرق کیجیے۔ **(سبق 10 دیکھئے)**

**4-درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 الفاظ میں دیجیے۔**

i) یہ مان کر کے اپ ایک کرانہ دکان کے مالک ہیں، ایک ہفتے کے لیے خرید اور فروخت کی گئی اشیاء کی فہرست تیار کیجیے۔ کھاتے کی موزوں بہیوں میں سبھی لین دین کے اندراج کیجئے۔ **(سبق 9 دیکھئے)**

**یا**

کن ہی دو تنظیموں کے دو ملازمین کے ساتھ بحث کیجئے اور وضاحت کیجئے کہ کس طرح حساب داری (اکاؤنٹنگ) ان کے لیے مفید ہے۔ (سبق 11 دیکھئے)

**5- درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 تا 150 الفاظ میں دیجئے۔**

i) اگر ایک فرم کچھ رقم ادھار لیتی ہے تو اس کے حسابی مساوات پر کیا اثر پڑے گا؟

ii) دو لین دین کی مثال دیجیے۔ ایک کا اثر صرف اثاثہ جات دوسرے کا اثر صرف واجبات پر پڑتا ہے۔ **(سبق 4 دیکھیں)**

یا

b) درج ذیل لین دین کی بلونت سنگھ کی فروخت واپسی بہی میں اندراج کیجیے۔

2023 ستمبر 07 نمونے میں میل نہ کھانے کے سبب سہائش اینڈ سنز کانپور نے دہزار روپے کا مال واپس کیا۔

ستمبر 15 میں غلطی پر گاندھی اینڈ کمپنی دہلی نے 1000 روپے کے لیے کا دعوی پیش کیا۔

ستمبر 21 ہری رام گوہر ممبئی کو فروخت کیا گیا مال رنگ ٹھیک نہ ہونے پر واپس آیا 1800 روپے

ستمبر 25 کمل اینڈ برادر کیرل نے 1500 روپے کا مال واپس کیا تجارتی ڈسکاؤنٹ 10٪۔ (سبق 9 دیکھئے)

**6-درج ذیل میں سے کسی ایک پر پروجیکٹ تیار کیجئے-**

a) نقد بہی کیش بک 7800 روپے کا بیلنس دکھاتی ہے۔ پاس بک کے ساتھ نقد بہی کا موزانہ کرنے پر درج ذیل فرق پایا گیا

درج ذیل کے لیے بینک مصالحاتی (Bank reconciliation) گوشوارہ تیار کیجئے۔

i) بینک میں جمع کیا گیا چیک کریڈٹ نہیں ہوا۔ 3000 روپیہ

ii) چیک جاری کیا گیا لیکن ادائگی کے لیے ابھی تک پیش نہیں کیا گیا۔ 1500 روپے

iii) بینک کے ذریعے ادا کیا گیا بیما پریمیم 2000 روپے۔

iv) بینک کے ذریعے جمع کیا گیا بینک سود۔

v) بینک چارجز، 100 روپے۔

vi) گاہک کے ذریعے سیدھے جمع کیا گیا 4000 روپے۔

یا

اپنے دوست کے ساتھ بحث کر کے ٹیلی سوفٹ ویئر کھولنے کے لیے ہارڈویئر کی ضرورت اور اہم اقدامات لکھیے ڈیلی ای ار پی نائن زیرو پر ایک کمپنی بنائیے اور بنائی گئی کمپنی کے اسکرین شاٹس کے پرنٹ اوٹ منسلک کیجیے۔

# پینٹنگ

# Painting

# (225)

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر۔20

**نوٹ**

i) سبھی سوال ضروری ہیں۔ ہر ایک سوال کے لیے مخصوص نمبر سوالوں کے سامنے دیے گئے ہیں۔

ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اپنا نام، اندراج نمبر،، مرکز مطالعہ کا نام، اور مضمون لکھیے۔

**1) درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2**

a) فرش کی سجاوٹ سے متعلق دو مقبول عام لوک فن کی شکلوں کا موازنہ کرتے ہوئے دو خصوصیات لکھیں (**سبق 4 دیکھیں**)

b) "واٹر لیلیز پینٹنگ" میں استعمال کیے گئے ذریعے کو پہچانئے اور فنکار کے ذریعے رنگ کے استعمال کا ذکر کیجیے۔

**2) درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2.**

a) 16 ویں صدی سے 19 ویں صدی عیسوی کے دوران پنجی پینٹنگ کی طرز کی دو اہم خصوصیات کی تفصیل بیان کیجیے۔ (**سبق 3 دیکھیے**)

b) کسی بھی تاثیریت پسند طرز کے فنکار کی پینٹنگ کی درجہ بندی اس کی دو خصوصیات بیان کرتے ہوئے کیجیے۔

**3) درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔** 2

a) "پھلکاری" لفظ کی وضاحت کیجیے اور فن کے طور پر استعمال ایک موٹف کو بیان کیجیے۔ (**سبق 4**)

b) کس فنکار نے قدرتی روشنی سے پینٹ کرنے سے انکار کر دیا؟ اس کی آرٹ ورک کی ایک مثال دیجیے۔ (**سبق 6**)

4)درج ذیل میں سے کسی ایک کا جواب تقریبا100 تا150 الفاظ میں دیجئے۔ 4

a)ایک مثال دیتے ہوئے "جین چھوٹی پینٹنگ" کو خود کے ڈرائنگ کے ساتھ سمجھائیے۔( سبق 3)

b)فن کے عناصر اور ڈیزائن کہ اصول کی بنیاد پر کا تھاسلائی ڈیزائن اور اور موٹف کا بیان کیجئے. (سبق 4 )

5)درج ذیل میں سے کسی ایک کا جواب تقریبا100 تا150 الفاظ میں دیجئے۔ 4

a)بشنوپور کا ٹیراکوٹااور ہماری روزمرہ کی زندگی میں استعمال میں آنے والی ٹیراکوٹا اشیاء کے درمیان اہم فرق کی بنیاد پر ایک تجزیاتی اتنوٹ تحریر کیجئے.

b)آرٹ کے سیاق وسباق میں اصطلاح تاثر ( Impression) کا کیا مطلب ہے۔کچھ مثالوں کے ساتھ خاکہ بنائیے.

6)درج ذیل پروجیکٹ میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجئے۔ 6

a)کسی بھی باہری مقام پر جائیے اور کاغذ کی A3 شکل کی ڈرائنگ شیٹ پر اپنے تاثریت پسند طرز ( s tyle tsiImpression ) میں پینٹ کیجیے،بعد میں آپ نے رنگوں کا استعمال کیسے کیا ہے اس کی بنیاد پر اپنے عملی تجربے کے بارے میں تجزیاتی نوٹ لکھیئے۔اپنے آرٹ ورک کی تصویر اور تجرباتی نوٹ پیش کیجئے۔

b)مختلف لوک فن کی شکلوں کی بنیاد پر تصویروں کو جمع کیجئے اور A3 سائز کے کاغذ پر ایک کولاز بنائیے ،اس کے بعد فن کے عناصر لائن،رنگ،کاغذ کی شیٹ کا استعمال کیسے کیا گیا ہے؟اس پر ایک بیانیہ نوٹ تحریر کیجئے.

# ڈیٹا اینٹری آپریشن

# (DATA ENTRY OPERATIONS)

# 229

# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر:20

نوٹ: (i) سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں، ہر ایک سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گیے ہیں۔
(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اوپر کی طرف اپنا نام، اندراج نمبر A1 (مرکز مطالعہ کا نام) اور مضمون صاف الفاظ میں لکھیے۔

1۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(i) ایکتا نے ایک دستاویز تیار کیا ہے اور وہ اس دستاویز کو غیر مجاز رسائی سے محفوظ رکھنا چاہتی ہے۔ دستاویز کی حفاظت کے لیے مراحل تحریر کیجیے۔ (سبق-3 دیکھیے)

(ii) اتل نے غلطی سے ایک فائل حذف (Delete) کر دی ہے اب وہ اس حذف شدہ فائل کو بحال (Restore) کرنا چاہتا ہے۔ حذف شدہ فائل کو بحال کرنے کے مراحل لکھیے۔ (سبق-2 دیکھیے)

2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(i) پرویش نے ایک درخواست لکھی ہے اور اسے ایک دستاویز کے طور پر "Pravesh" کے نام سے محفوظ (Save) کیا ہے۔ وہ اس میں کچھ تبدیلیاں کرنا چاہتا ہے۔ موجودہ دستاویز کو کھولنے کے مراحل لکھیے۔ (سبق-3 دیکھیے)

(ii) عائشہ ایک کلاس ٹیچر ہے۔ وہ کلاس کی تفصیلات سے متعلق ڈیٹا کو اسٹور کرنے کے لیے ایک اسپریڈ شیٹ بنانا چاہتی ہے۔ نام، عمر، موبائل نمبر، ای میل وغیرہ کی تفصیلات کو اسٹور کرنے کے لیے مختلف قسم کے ڈیٹا کے (صرف) نام لکھیے۔ (سبق-6 دیکھیے)

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(i) درج ذیل کے لیے کی بورڈ شارٹ کٹ کیز لکھیے۔ (سبق 3 دیکھیے)

(i) Cut

(ii) بائیں طرف صف بندی (Left alignment)

(iii) پرنٹ پری ویو (Print Preview)

(iv) Help

(ii) راہل ورک بک میں ایک ورک شیٹ پر کام کر رہا ہے۔ وہ موجودہ ورک بک میں ایک نئی ورک شیٹ بنانا چاہتا ہے۔ موجودہ ورک بک میں نئی ورک شیٹ داخل کرنے کے لیے مراحل کی فہرست بنائیے۔ (سبق-6 دیکھیے)

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(i) سنیتا ایک بڑی ورک شیٹ پر کام کر رہی ہے جس کی پہلی قطار کو کالموں کی سرخی کے طور پر استعمال کیا گیا ہے۔ ورک شیٹ کو اسکرول کرتے ہی وہ سرخیاں غائب ہو جائیں گی۔ وہ مراحل لکھیے جن کے ذریعے وہ پہلی قطار کو جامد بنا سکے تاکہ اسکرول کرنے کے بعد بھی سرخیاں غائب نہ ہوں؟
(سبق-6 دیکھیے)

(ii) راجو اسٹارٹ بٹن کا استعمال کر کے ایک ورڈ پروگرام کھولنا چاہتا ہے۔ مراحل کی فہرست بنائیے۔ ورڈ پروسیسنگ کی دو اہم خصوصیات بھی تحریر کیجیے۔
(سبق-3 دیکھیے)

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(i) رمیش نے اپنی پسندیدہ گیم کا سافٹ ویئر خریدا ہے۔ وہ اپنے کمپیوٹر میں اس سافٹ ویئر کو انسٹال کرنا چاہتا ہے۔ سافٹ ویئر انسٹال کرنے میں اس کی مدد کیجیے اور ایسا کرنے کے مراحل بتائیے۔ (سبق-2 دیکھیے)

(ii) آفتاب نے منتخب سائز کے صفحہ کا استعمال کرتے ہوئے ایک دستاویز تیار کیا ہے۔ وہ اس دستاویز کو جنرل فارمیٹ میں کس قسم کی تبدیلی کیے بغیر مختلف پیج سائز میں یا ایک ہی شیٹ پر متعدد صفحات کی شکل میں پرنٹ کرنا چاہتا ہے۔ صفحات کو مختلف پیج سائز میں پرنٹ کرنے میں اس کی مدد کیجیے اور ان مراحل کی فہرست بنائیے جن پر اسے عمل کرنا چاہیے۔ (سبق-3 دیکھیے)

6۔ نیچے دیے گیے پروجیکٹوں میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(i) ایک کلاس ٹیچر اپنے لیپ ٹاپ پر طلبا کے ڈیٹا کے لیے ایک اسپریڈشیٹ بناتا ہے جس میں طلبا کی بنیادی تفصیلات اور حاصل کردہ نمبر دکھائے گئے ہیں۔ اس اسپریڈشیٹ کا ایک حصہ درج ذیل جدول کی شکل میں پیش کیا جارہا ہے: (سبق-6 دیکھیے)

| A | B | C | D | E | F | G | H |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Roll No. | Student Name | Class | Gender | Hindi | English | Maths | Science |
| 1 | Ramesh | 10 | M | 70 | 78 | 72 | 85 |
| 2 | Aisha | 10 | F | 93 | 98 | 99 | 95 |
| 3 | Savita | 10 | F | 81 | 78 | 96 | 65 |
| 4 | Sunil | 10 | M | 98 | 99 | 78 | 89 |
| 5 | Aashish | 10 | M | 87 | 85 | 78 | 95 |
| 6 | Naveen | 10 | M | 83 | 84 | 89 | 90 |

(a) اوپر دی ہوئی فائل کو "Class 10 Record" کے طور پر بنائیے اور محفوظ کیجیے۔

(b) اسپریڈشیٹ میں ایک نیا کالم "Social Science" شامل کیجیے۔

(c) اس سیل کا سیل ریفرنس دیجیے جس میں قدر "Sunil" درج ہے۔

(d) کالم "Maths" کا نام بدل کر "Mathematics" کیجیے۔

(e) اسپریڈشیٹ میں کالموں کی کل تعداد شمار کیجیے۔

(f) اس اسپریڈشیٹ کو حذف کرنے کے مراحل لکھیے۔

(ii) جیمز کو اس کے استاد نے کلاس میں ورڈ پروسیسر کے کام کرنے کے طریقے کا مظاہرہ کرنے کے لیے کہا ہے۔ درج ذیل کاموں کو انجام دینے میں اس کی مدد کیجیے۔ (سبق-3 دیکھیے)

(a) مینو بار سے (مجوزہ شارٹ کٹ 'کی' کا استعمال کرتے ہوئے) ایک نیا دستاویز تیار کیجیے۔ مراحل بھی لکھیے۔

(b) تشکیل کردہ دستاویز کو "My document" کے نام سے محفوظ کیجیے اور پھر اسے بند کر دیجیے۔ مراحل بھی لکھیے۔

(c) پہلے سے تشکیل کردہ "My document" کو کھولیے اور اسے "My renamed document" کا نام دیجیے۔ مراحل بھی لکھیے۔